کی۔تشریف لا کر ہماری محفل کی رونق دوبالا کریں۔

پروگرام انشاءاللہ ---

تاریخ ۱۵ اپریل ۲۰۲۱ --- وقت : صبح ۱۰ بجے ---مقام: پیران مسجد خویدادخیل

وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھیں۔

من جانب

ذیشان خان

| سبق نمبر 14 | آؤ بچو! سنو کہانی |
|---|---|

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| خاصی | کافی | گریہ | فریاد |
| شکوہ | شکایت | آہ بھرنا | افسوس کرنا |
| سکھی | خوشی | تھما دینا | دینا۔پکڑانا |
| تیور بدلنا | ارادہ بدلنا | لرزنا | کانپنا |
| تعمیل کرنا | ماننا | اَش اَش کرنا | تعریف کرنا |
| سانچ کو آنچ نہیں | سچ کو کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا | چکنائی | چربی |

سمجھیں اور بتائیں

(۱) دونوں دوستوں نے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

ج: دونوں دوستوں نے قصاب کا پیشہ اختیار کیا۔

(۲) اندھا فقیر کون سے الفاظ بار بار دہرا رہا تھا؟

ج: اندھا فقیر بار بار کہہ رہا تھا۔ ہائے میری قسمت! آنکھوں کی روشنی بھی گئی اور دولت بھی ،کاش مجھے ایک بار پھر اپنے ہاتھ پر روپیار کھنے کا موقع مل جائے۔

(۳) اندھے فقیر نے کس بات کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کی؟

ج: اندھے فقیر نے دونوں دوستوں کی رحم دلی کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔جنہوں نے اسے تھیلی دی کہ اس سے دل کو بہلائیں۔

(۴) اگر آپ بادشاہ کی جگہ ہوتے تو سچائی کا کھوج کیسے لگاتے؟

ج: اگر میں بادشاہ کی جگہ ہوتا تو میں بادشاہ کی طرح دانائی اور انصاف پسندی سے کام لیتا۔

(۵) بادشاہ نے مسئلے کا حل کیسے نکالا؟

ج: بادشاہ نے دو سکے گرم پانی میں ڈالے جس سے اُن سکوں پر جمی چکنائی پانی کی سطح پر آ گئی جس پر اسے یقین ہو گیا کہ یہ سکے ان دوستوں نے گوشت فروخت کر کے کمائے ہیں۔

(۶) اس کہانی میں کیا اخلاقی سبق پوشیدہ ہے؟

ج: اس کہانی سے یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں فقیر کی طرح دھوکہ دہی یا جھوٹ بولنے سے کسی کا مال نہیں ہتھیانا چاہیے بلکہ خود محنت کر کے روزی کمانی چاہیے۔

---

## جائزہ

۱۔ انٹرنیٹ کے استعمال کے منفی اور مثبت دونوں اثرات بتائیں۔

ج: انٹرنیٹ ایک اہم اور مفید ایجاد ہے اگر ہم درست طریقے سے اس کا استعمال کریں گے تو تازہ ترین معلومات حاصل کر سکیں گے اور اپنے مضمون کو بہتر طریقے سے سمجھنے کے قابل ہوں گے لیکن اس کا ضرورت سے زائد استعمال وقت کے ضیاع کا سبب بنتا ہے۔ اور صحت اور نظر دونوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔

۲۔ طلبہ و طالبات کیسے خدمت خلق کے کاموں میں حصہ لے سکتے ہیں پانچ جملوں میں بتائیں۔

ج: ذہین طلبہ و طالبات غریب طلباء کی مدد کریں۔

- کہیں محلے میں آگ لگ جائے تو بجھانے میں مدد کر سکتے ہیں۔
- سیلاب آنے کی صورت میں متاثرہ افراد کی مدد کر سکتے ہیں۔
- اپنے محلے کی صفائی کی مہم میں حصہ لے سکتے ہیں۔
- کسی مریض کو خون کی ضرورت ہو تو صحت مند طلباء خون دے سکتے ہیں۔

---

۳۔ دیا ہوا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور اس کا خلاصہ سنائیں۔

ج: خلاصہ: رانی کوٹ قلعہ سندھ میں واقع ایک مشہور قلعہ ہے جو تقریباً دو ہزار سال پرانا ہے اس قلعے کے بہت سے دروازے تھے جن میں سان گیٹ، موہن گیٹ اور امری گیٹ مشہور ہیں قلعے کے اندر برج، ٹوٹی مسجد اور ایک پرانا اور خستہ تالاب ہے۔

---

۴۔ دیے ہوئے غلط جملوں کو درست کر کے دوبارہ لکھیں۔

| غلط جملے | درست جملے |
|---|---|
| داداجان نے اخبار پڑھی۔ | داداجان نے اخبار پڑھا۔ |
| ثنا میری ہم جماعتی ہے۔ | ثنا میری ہم جماعت ہے۔ |
| آپ کا کیا ہال ہے۔ | آپ کا کیا حال ہے۔ |
| ماہ رمضان کا مہینا شروع میں چند دن باقی ہیں | ماہ رمضان شروع ہونے میں چند دن باقی ہیں۔ |
| بھوکے کو کھانا کھلانا صواب کا کام ہے۔ | بھوکے کو کھانا کھلانا ثواب کا کام ہے۔ |

۵۔ اعراب کو مدنظر رکھتے ہوئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| لفظ | جملہ |
|---|---|
| عِلم | علم بڑی دولت ہے۔ |
| عَلَم | ہم اپنے ملک کا علم ہمیشہ اونچا رکھیں گے۔ |
| پُل | دریائے کمبیلا پر نیا پل تعمیر کیا گیا ہے۔ |
| پَل | ہمیں ہر پل اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ |
| تِیر | اکرم نے تیر سے فاختہ کا شکار کیا۔ |
| تَیر | وقاص کو تیرنا آتا ہے۔ |
| اَنیس | انیس اچھا لڑکا ہے۔ |
| اُنیس | ہمارے سکول میں انیس کمرے ہیں۔ |

---

۶۔ دیے ہوئے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے مزید دو دو بامعنی الفاظ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| سابقے | با | باادب۔بانصیب۔باحیا |
| | کم | کم تر۔کم عقل۔کم زور |
| | ان | ان پڑھ۔ان گنت۔ان کہی |
| لاحقے | ناک | دردناک۔غضب ناک۔وحشت ناک |
| | باز | بٹیرباز۔کبوترباز |
| | دان | گل دان۔خاک دان۔تھوک دان |

---

۷۔ دیے ہوئے جملوں میں مناسب جگہ پر قوسین لگائیں۔

۔ ڈاکٹر عبداللہ (مشہور دندان ساز) سے آج سرراہ ملاقات ہوئی۔

- ہم سب شاہی قلعے (لاہور) کی سیر کرنے جائیں گے۔
- شازیہ اور اسما (جماعت پنجم) نے تقریری مقابلے میں اول اور دوم پوزیشن حاصل کی۔
- جواد کے بھائی (گورنمنٹ سکول کے استاد) نے ہمیں امتحانات کی تیاری کروائی۔

---

۸۔ "کاش" اور "اگر" لکھ کر جملے مکمل کریں۔

- کاش میں نے امتحانات کی تیاری اچھی طرح کی ہوتی۔
- اگر تم نے میری بات سنی ہوتی تو نقصان نہ اٹھاتے۔
- کاش میں بھی دوڑ میں اول آ سکتا۔
- اگر ہم متحد ہو جائیں تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں نہیں ہرا سکتی۔

---

۹۔ دیے ہوئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| دہقان | کسان | دہقان کھیت میں فصل کاٹ رہے تھے۔ |
| آہ بھرنا | افسوس کرنا | آہیں بھرنے سے کچھ نہیں ہوتا محنت کرو۔ |
| لطف | مزہ | کابلی پلاؤ کھا کر بڑا لطف آیا۔ |
| ہنر | فن | ہنرمند شخص کی ہر جگہ قدر کی جاتی ہے۔ |
| سخی | اللہ کی راہ میں دینے والا | سخی آدمی اللہ کو بہت پسند ہے۔ |

---

۱۰۔ کوئی سے تین ذرائع ابلاغ کے نام لکھیں بعد ازاں کسی ایک ذریعے کے متعلق دس سطروں پر مبنی پیراگراف لکھ کر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

ج: اخبارات۔ ریڈیو۔ ٹی۔ وی

اخبارات: اخبارات قدیم ذریعہ ابلاغ ہے۔ آج کے جدید دور میں بھی لوگ اس کا مطالعہ کرتے ہیں۔ یہ ایک مفید ذریعہ ابلاغ ہے جس میں ہر موضوع کے متعلق خبریں اور معلومات شائع ہوتی ہیں۔ سیاسی۔ معاشرتی۔ مذہبی۔ اقتصادی غرض ہر عنوان کے متعلق اس میں مواد ملے گا۔ اخبارات میں نہ صرف حالیہ واقعات کے بارے میں بتایا جاتا ہے بلکہ ماضی کے جھروکوں میں جھانک کر نصیحت آموز باتیں بھی چھاپی جاتی ہے۔ اخبارات کے اداریے بڑے مفید کام سر انجام دیتے ہیں۔ جو حکومتی پالیسیوں پر مثبت تنقید کر کے اس کا کام آسان بناتے ہیں ملک کے مشہور کالم نگار مختلف موضاعات پر تبصرہ کر کے قارئین کے معلومات اور بصیرت میں اضافہ کرتے ہیں۔